عکسِ تحریر

مکتوب قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی بنام مختارالدین احمد

اون نمبر ۲۸۸۴

انجمن ترقی اُردو پاکستان

اُردو روڈ کراچی - ۱

نمبر ________ مورخہ ۴ جولائی ۱۹۵۳ء

مکرمی۔ سلام مسنون۔

گرامی نامہ مورخہ ۲۱ مئی بنام مولوی عبدالحق صاحب وصول ہوا۔ جواباً گزارش ہے کہ کلیات میر اور مجموعہ مثنوی کے لیے مولانا آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ آپ مولانا حالی مرحوم کے خطوط اردو میں اشاعت کے لیے ضرور بھیج دیں۔

مجموعہ مثنوی کی قیمت کے لیے مولانا عبدالعزیز صاحب میمن کو لکھا ہے وہ آپ کو دے دیں گے۔ آپ یہ خط ان کو دکھا کر ان سے یہ رقم لے سکتے ہیں۔

سرسید کی تحریر کے عکس اور مطبوعات کی فہرست کا شکریہ۔ یہ تحریر جس کا عکس ہے کہ اردو میں شائع ہو رہا ہے۔ مطبوعات کی قیمتیں اتنی ہیں کہ فی الحال انجمن کی مالی حالت ان کو خریدنے کی اجازت نہیں دیتی۔

الحقر
قاضی احمد میاں اختر

مکتوب سیّد مسعود حسن بنام نجم الاسلام

۲۹ مئی ۹۰ء

مکرمی تسلیم

"تحقیق" کا تازہ شمارہ ۸۔۹ نظر سے گذرا۔ آپ نے گوشۂ اختر (قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی) شائع کر کے ایک بڑا کارنامہ سر انجام دیا ہے۔ مبارک باد قبول فرمائیں۔ قاضی صاحب کے پسر قاضی محمد اختر جوناگڑھی (مقیم کراچی) کی بھی تحریر گوشے میں ہونی چاہیے تھی۔

اختر جوناگڑھی پر میں نے بھی چند سال قبل ایک کتاب تیار کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ اس سلسلے میں ان کے تمام مقالات، ان پر لکھے گئے مضامین اور ان کی تصنیفات و تالیفات کی فہرست مرتب کی تھی۔ فہرست ہندوستان میں شائع ہو چکی ہے۔

اب آپ کے موقر رسالہ تحقیق ۸۔۹ سے استفادہ کرنے کے بعد اس کی ایک نقل روانہ کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ آپ اور "تحقیق" کے قارئین اسے مفید جانیں گے۔

آپ کا

سیّد مسعود حسن

(پٹنہ)